معنیٰ لا اِلٰہ الا اللّٰہ

نتیجہ فکر جناب سید امجد حسین صاحب امجد، حیدر آبادی مدظلہ

ہے ذات و صفت میں اتحاد ذاتی — یہ معنیٔ لا اِلٰہ الا اللّٰہ ہے
مبدٔ واحد ہے عالم کثرت کا — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
سب سے توڑو اور اپنے رب سے جوڑو — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
ذاتِ واحد ہے جامع جملہ صفات — یہ معنیٔ لا اِلٰہ الا اللّٰہ ہے
شایان الوہیت ہے اللہ کی ذات — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
کونین میں کون ہے مرا تیرے سوا — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
بجز ذات کبھی صفت کی پوجا نہ کرو — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
ہر فعل کا فاعل حقیقی ہے وہی — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
موجود بہ یک وجود ہے ہر موجود — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
ہر ایک صفت ذات میں ضم ہوتی ہے — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
ہے ایک کی نفی دوسرے کا اثبات — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
قائم ہے ہر اک صفت بذات موصوف — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
باطل کا وجود ہی نہیں حق کے سوا — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
ہے اور نہیں کے درمیان ہے انسان — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے
نفی خودی خود است اثباتِ خدا — یہ معنیٔ لا اِلٰہ اِلا اللّٰہ ہے

لاخوف ولا رجاء الا باللہ
یہ معنیٔ لا اِلٰہ الا اللّٰہ ہے